سوال

(68)کیا آپ ﷺ فرض نماز کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا فرمایا کرتے تھے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ وراد ہے ہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرض نماز کے بعد دعا میں اپنے ہاتھ اٹھایا کرتے تھے ؟ یہاں کچھ لوگ ایسے ہیں جنھوں نے مجھے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرض نماز کے بعد دعا کے وقت ہاتھ نہیں اٹھایا کرتے تھے ۔ مریم ۔ م ۔ الریاض

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو کچھ ہمیں معلوم ہے وہ یہ ہے کہ نہ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرض نماز کے بعد اپنے ہاتھ اٹھایا کرتےتا ھے اور نہ ہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہ ایسا کیا کرتے تھے اور بعض لوگ فرض نماز کے بعد اپنے ہاتھ اٹھاتے ہیں ۔ یہ بدعت ہے جس کی کوئی اصل نہیں ۔ چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فریاما :

((مَن عَمِلَ عملاً لیسَ علیہ أمرُنا فھُوَرد))

''جس نے ایسا کام کیا جس پر ہمارا عمل نہیں وہ مردود ہے''

اسے مسلم نے اپنی صحیح میں نکالا ... نیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

((مَن أحدثَ فی أمرِنا ہٰذا ما لیسَ منہ فھورد)) (متَّفقٌ علیہ)

''جس نے ہامرے اس امر (شریعت) میں کوئی نئی بات پیدا کی جو اس میں نہ تھی وہ مردودہے'' (متفق علیہ)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ابن باز رحمہ اللہ

جلداول - صفحہ 81

محدث فتویٰ